**02.04.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ انتخابی کمیشن نے آنے والے لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کیلئے چھ ریاستوں میں خصوصی مشاہدین مقرر کئے ہیں۔

☆ وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی نے اتراکھنڈ کے رودر پور میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے بھارت کو تیسری سب سے بڑی معیشت بنانے کے عہد کو دوہرایا۔

☆ بھارت نے اروناچل پردیش میں مقامات کے نام تبدیل کرنے کی چین کی بار بار کی کارروائیوں کی مذمت کی ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں 9 ماؤنواز مارے گئے ہیں۔

☆ Judith Suminwa Tuluka ڈی آر کانگو کی پہلی خاتون وزیر اعظم بنی ہیں۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، آج شام بینگلورو میں رائل چیلنجرس بنگلورو کا مقابلہ لکھنؤ سپر جائنٹس سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

ECI Special Observers

انتخابی کمیشن نے آج چھ ریاستوں میں خصوصی مشاہدین کی تقرری کی ہے، تاکہ آئندہ لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کے دوران چناؤ کیلئے برابری کا میدان ہموار کرنے کیلئے اہم فیڈبیک اور چوکس نگرانی فراہم کی جاسکے۔ یہ ریاستیں مغربی بنگال، اترپردیش، مہاراشٹر اور بہار ہیں، جہاں کی آبادی سات کروڑ سے زیادہ ہے۔ اِس کے علاوہ آندھرا پردیش اور اوڈیشہ ریاستیں ہیں، جہاں لوک سبھا انتخابات کے ساتھ ساتھ اسمبلی انتخابات کرائے جارہے ہیں۔ خصوصی مشاہدین کو اہلکاروں، سیکورٹی فورسز اور ووٹنگ مشینوں کی نگرانی کا کام سونپا گیا ہے۔ اِس طرح جمہوری عمل کو کمزور کرنے کی کسی بھی کوشش کو روکنا اور چناؤ کیلئے برابری کے میدان کو یقینی بنانا ہے۔ یہ مشاہدین خود کو ریاستی ہیڈکوارٹرس میں تعینات کریں گے اور اگر ضرورت پڑی تو اُن علاقوں میں خود کو تعینات کریں گے، جہاں حساسیت زیادہ ہیں یا

لازمی ہم آہنگی کی ضرورت ہے۔
یہ مشاہدین انتخابی عمل کی سرگرمیوں میں شامل مختلف ایجنسیوں کے علاقائی سربراہوں اور نوڈل افسروں کے ساتھ معلومات حاصل کریں گے اور اُن سے رابطہ قائم کریں گے۔ خصوصی مشاہدین سرحدی علاقوں پر خصوصی توجہ مرکوز کریں گے اور ترغیبات کی آمد کو روکنے کیلئے حساس سرحدوں پر کام کریں گے۔
انتخابی کمیشن نے آندھرا پردیش، کرناٹک، تمل ناڈو، اترپردیش اور اوڈیشہ میں اخراجات سے متعلق خصوصی مشاہدین کو بھی تعینات کیا ہے، تاکہ انتخابات میں پیسے کی طاقت کو کم کیا جاسکے اور موجودہ انتخابی اخراجات کی نگرانی کو مستحکم کیا جاسکے۔ مقرر کردہ خصوصی مشاہدین سابق سول سرونٹس ہیں، جن کے پاس انتخابی عمل کی مہارت کا شاندار ریکارڈ اور ماضی کا وسیع تجربہ ہے۔×

REV PM Uttrakhand Election

وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی نے اپنی تیسری مدت میں بھارت کو تیسری سب سے بڑی اقتصادی سپر پاور بنانے کے عہد کو دوہرایا ہے۔ اتراکھنڈ کے رودر پور میں لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنی پہلی انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے ریاست کی ترقی کیلئے NDA سرکار کی جانب سے کئے گئے اقدامات کا ذکر کیا۔ BJP امیدوار اور وزیرمملکت اجے بھٹ اس سیٹ سے کانگریس امیدوار پرکاش جوشی کے خلاف چناؤ لڑ رہے ہیں۔ ریاست کی سبھی پانچ لوک سبھا سیٹوں کیلئے پہلے مرحلے میں 19 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔ کُل 83 لاکھ 37 ہزار 914 رائے دہندگان ریاست کی پانچ لوک سبھا سیٹوں کیلئے چناؤ لڑنے والے 55 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔x

BJP Odisha List

بی جے پی نے آج اوڈیشہ کے آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے 112 امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ جے نارائن مشرا، سنبھل پور سے پارٹی کے امیدوار ہوں گے، جبکہ مانس کمار دتہ، بالاسور اسمبلی حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔ Sitanshu Sekhar Mohapatra بھدرک سے انتخابی میدان میں ہوں گے، جبکہ Krushana Chandra Patra ڈھینکانل اسمبلی حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔
اِسی دوران BJP ممبرپارلیمنٹ اجے نشاد کانگریس میں شامل ہوگئے ہیں۔ وہ نئی دِلی میں پارٹی رہنما موہن پرکاش اور پون کھیڑا کی موجودگی میں کانگریس میں شامل ہوئے۔ جناب نشاد بہار کے مظفرپور سے ممبرپارلیمنٹ ہیں، انہیں لوک سبھا انتخابات میں BJP کی طرف سے ٹکٹ نہیں دیا گیا تھا۔×

MEA Arunachal Pradesh

بھارت نے چین کے ذریعے اروناچل پردیش میں جگہوں کے ناموں کو بار بار تبدیل کئے جانے پر چین کی سخت مذمت کی ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ ناموں کو تبدیل کرنے سے اروناچل پردیش

کی اِس حقیقت میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوگی کہ اروناچل پردیش بھارت کا لازمی اور اٹوٹ حصہ ہے۔ بھارت کی طرف سے یہ جواب ریاست اروناچل پردیش میں جگہوں کے نام تبدیل کرنے کے چین کی اشتعال انگیز کارروائی کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔ کل وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا تھا کہ ناموں کو تبدیل کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ اروناچل پردیش بھارت کی ریاست تھی، ہے اور ہمیشہ رہے گی۔x

MOCA Vistara

شہری ہوا بازی کی وزارت نے پروازوں کی تاخیر کے سلسلے میں وسٹارا ایئرلائنس سے رپورٹ طلب کی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ پروازوں کی منسوخی یا تاخیر کی صورت میں مسافروں کی سہولت کو یقینی بنانے کیلئے ایئر لائنس کو شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA کے ضابطوں کی تعمیل کرنی ہوگی۔ اِس میں کہا گیا ہے شہری ہوا بازی کی وزارت وسٹارا کی پرواز کی منسوخی کی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ تاہم پروازوں کے کام کاج کا انتظام وانصرام خود ایئرلائنس کے ذریعے انجام دیا جاتا ہے۔x

Rev. Chhattisgarh Moists Killed

چھتیس گڑھ میں حفاظتی دستوں کے ساتھ آج ایک جھڑپ میں 9 ماؤنواز اس وقت مارے گئے جب CoBRA ،CRPF بٹالین، ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ اور اسپیشل ٹاسک فورس کی ایک مشترکہ ٹیم بستر ڈویژن میں بیجاپور ضلع کے Gangalur علاقے میں تلاش کی کارروائی کررہی تھی۔

تصادم کا یہ واقعہ Lendra کے جنگل میں پیش آیا۔ جھڑپ کے بعد حفاظتی اہلکاروں کو 9 ماؤنوازوں کی لاشیں ملیں۔ جائے واقعہ سے ایک لائٹ مشین گن LMG، ایک بیرل گرینیٹ لاؤنچر اور دوسرے ہتھیار اور گولی بارود بھی برآمد ہوئے۔ علاقے میں تلاش کی کارروائی اب بھی جاری ہے۔x

JK Sopore Arrest

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر میں پولیس نے سیکورٹی فورسز کے ساتھ مل کر آج بارہمولہ ضلع کے سوپور میں دہشت گردوں کے تین ساتھیوں کو گرفتار کیا ہے۔ حکام کے مطابق پولیس نے فوج کی 22 راشٹریہ رائفل اور CRPF کی 179 بٹالین کے ساتھ پھل منڈی کراسنگ پر قائم ایک مشترکہ چوکی پر تین مشکوک افراد کو موقع سے فرار ہونے کی کوشش کرتے ہوئے دیکھا۔ تاہم الرٹ مشترکہ ٹیم نے انہیں تدبیر سے پکڑ لیا۔ تلاشی کے دوران ان کے قبضے سے ایک پستول، موبائل فون اور دیگر قابل اعتراض مواد برآمد ہوا۔ اسی دوران سوپور پولیس اسٹیشن میں قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت ایک معاملہ درج کرکے تحقیقات شروع کردی گئی ہے۔x

J&K Amarnath Yatra

جموں وکشمیر میں چیف سکریٹری Atal Dulloo نے کل اُن تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا جو سالانہ شری امرناتھ

جی یاترا 2024 کیلئے انتظامیہ کر رہی ہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ سول اور پولیس انتظامیہ کے سینئر اہلکاروں نے DGP، ایڈمنسٹریٹو سکریٹریز، متعلقہ ڈپٹی کمشنرز اور دیگر HODs شری امرناتھ جی شرائن بورڈ اور بی آر او، IMD، ٹیلی مواصلاتی کمپنیوں اور آفات سے نمٹنے والی ایجنسیوں کے نمائندوں کے ساتھ اس میٹنگ میں شرکت کی۔ چیف سکریٹری نے اب تک کئے گئے اقدامات کا جائزہ لیا۔x

J&K NH 44

جموں وکشمیر میں جموں کے ڈویژنل کمشنر رمیش کمار نے کل رام بن ضلعے کا دورہ کیا اور ایک میٹنگ میں ضلع میں جاری قومی شاہراہ کے کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ رام بن کے ڈپٹی کمشنر نے ڈویژنل کمشنر کو ضلع میں جموں-سری نگر قومی شاہراہ پر جاری کاموں کی صورتحال کی جانکاری دی۔ ڈویژنل کمشنر نے آنے والے لوک سبھا انتخابات کیلئے ضلع انتظامیہ کی جانب سے کئے جانے والے انتظامات اور تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔ انھوں نے اکاؤنٹنگ ٹیموں، ویڈیو نگرانی والی ٹیموں، اُڑن دستے کی ٹیموں اور اخراجات سے متعلق مشاہدین کی اچھی کارکردگی کی اہمیت پر زور دیا تاکہ بھارت کے انتخابی کمیشن کی جانب سے مقرر کئے گئے چناؤ اخراجات سے ضابطوں اور رہنما خطوط پر عمل کیا جاسکے۔x

Congo First Female PM

جمہوریہ کانگو نے Judith Suminwa Tuluka کو افریقی ملک کی پہلی خاتون وزیر اعظم کے طور پر تقرری کی ہے۔ جمہوریہ کانگو کے صدر Felix Tshisekedi نے یہ تقرری کی ہے۔ اُنھوں نے پچھلے سال دوبارہ منتخب ہونے کے بعد اپنے ایک انتخابی وعدے کو پورا کیا ہے اور نئی حکومت تشکیل دینے کیلئے ایک اہم اقدام کیا ہے۔ حکام کو ملک کے مشرقی علاقوں میں گہرے ہوتے ہوئے تنازعے اور انسانی بحران سمیت متعدد چیلنجوں کا سامنا ہے۔ اِس کے علاوہ اُنہیں کانگو کے قابل ذکر معدنیاتی دولت کے بندوبست کے چیلنج کا بھی سامنا ہے۔ اپنی پہلی مدت کار میں جناب Tshisekedi نے بدعنوانی کو جڑ سے اکھاڑنے، معیشت کی ازسرنو بحالی، عدم مساوات سے نمٹنے اور مشرقی علاقوں کے عدم تحفظ پر قابو پانے کا یقین دلایا تھا۔x

Israel Al Jazeera Ban

اسرائیل کی پارلیمنٹ نے قطر کی ملکیت والے الجزیرہ نیٹ ورک سمیت ٹی وی چینلز کی نشریات پر پابندی عائد کرنے کیلئے حکومت کو اختیارات فراہم کرنے والے قانون کو منظوری دے دی ہے۔ وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے کہا کہ وہ الجزیرہ نیٹ ورک کے مقامی دفتر کو بند کرنے کیلئے فوری طور پر کارروائی کریں گے۔ غزہ میں غیرملکی صحافیوں کے داخلے پر پابندی ہے اور غزہ میں زمینی سطح پر جنگ کے حالات کا احاطہ کرنے والے چند نامہ نگاروں میں الجزیرہ کے اہلکار شامل ہیں۔

اسرائیلی پارلیمنٹ، Knesset نے ایک بل کو منظوری دی ہے، جس کے تحت غیرملکی نیٹ ورکس کو قومی سلامتی

کیلئے خطرہ تصور کرتے ہوئے عارضی طور پر ان پر پابندی عائد کی جائے گی۔ یہ پابندی ایک وقت میں 45 روز کیلئے لگائی جائے گی اور اس کی مدت کو بڑھایا بھی جاسکتا ہے۔

یہ قانون جولائی تک یا پھر غزہ میں لڑائی کے خاتمے تک نافذ العمل رہے گا۔

سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جناب نتن یاہو نے لکھا ہے کہ اب سے اسرائیل میں الجزیرہ کی نشریات منقطع ہوجائیں گی۔ انہوں نے اسے ایک دہشت گرد چینل کہا ہے۔ چینل نے اسرائیل پر اس کے اہلکاروں کو جان بوجھ کر نشانہ بنانے کا الزام لگایا ہے۔ تاہم اسرائیل نے صحافیوں کو نشانہ بنانے کے الزام کی تردید کی ہے۔×

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ اگلے سات روز کے دوران مغربی ہمالیائی خطے میں دور دور تک اور کہیں کہیں ہلکی سے اوسط بارش اور برفباری اور اس مہینے کی پانچ تاریخ تک شمال مغربی بھارت کے متصل میدانی علاقوں میں دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کا بھی امکان ہے۔

محکمہ موسمیات نے اگلے تین دن کے دوران جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد اور ہماچل پردیش میں کہیں کہیں ژالہ باری اور گرج چمک کی پیشگوئی کی ہے۔ اس نے تین اور پانچ اپریل کو اتراکھنڈ اور اِس مہینے کی چار اور پانچ تاریخ کو مغربی اترپردیش میں بھی ژالہ باری کی پیشگوئی کی ہے۔x

IPL Cricket Result

IPL کرکٹ میں آج بینگلورو میں رائل چیلنجرز بینگلور کا مقابلہ شام ساڑھے سات بجے لکھنؤ سُپر جائنٹس سے ہوگا۔

کل رات ممبئ کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز نے ممبئ انڈینس کو چھ وکٹ سے ہرادیا۔ راجستھان نے 15 اعشاریہ تین اوورس میں چار وکٹ کے نقصان پر 126 رن کا نشانہ حاصل کرلیا۔ راجستھان کیلئے Riyan Parag نے 39 گیندوں پر 54 رن بنائے، اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆